رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک مشروب پیش کیا گیا، آپ ﷺ نے اس میں سے پیا، آپ ﷺ کے دائیں جانب ایک لڑکا تھا، بائیں جانب بڑی عمر کے لوگ بیٹھے تھے، آپ نے لڑکے سے پوچھا کہ "کیا تم مجھے اجازت دیتے ہو کہ میں یہ ان کو دے دو؟" لڑکے نے کہا کہ اللہ کی قسم نہیں یا رسول اللہ! میں آپ سے ملنے والے اپنے حصے پر کسی اور کو ترجیح نہیں دے سکتا، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اس مشروب (کے برتن کو) اس لڑکے کے ہاتھ میں دے دیا

[صحیح] [متفق علیہ]

حدیث میں نبی ﷺ نے لڑکے سے اس بات کی اجازت لینا چاہی کہ وہ مشروب کو اس سے پہلے بڑے لوگوں کو دے دیں، آپ ﷺ ایسا بڑی عمر کے لوگوں کا دل رکھنے، ان سے اظہارِ محبت اور ان کی بزرگی کے ایثار میں کیا کیونکہ از روئے سنت یہ ممنوع نہیں تھا، اس میں اس سنت کا بیان ہے کہ دائیں طرف والا زیادہ حق دار ہوتا ہے اور کسی اور کو اس کی اجازت کے بغیر نہیں دیا جا سکتا تاہم اس سے اجازت مانگنے میں کوئی حرج نہیں اور اس کے لیے بھی ضروری نہیں ہے کہ وہ اجازت دے ہی دے، بلکہ اس کے لیے مناسب یہی ہے کہ اگر اجازت دینے سے کوئی فضیلت یا دینی مصلحت ہاتھ سے نکل رہی ہو تو وہ اجازت نہ دے، یہ لڑکے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تھے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5651

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY